جناب عاصی کرنالی

بربارگاہِ امیرالمؤمنین خلیفۂ راشد بلافصلِ رسول

سیّدنا صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ

اے شبِ کونین ایک ایسا بھی منظر چاہیے
ارضِ مکہ پر قرانِ ماہ و اختر چاہیے

جو رفاقت کو نئے معنیٰ نیا مفہوم دے
ایسا مونس، ایسا مخلص، ایسا یاور چاہیے

آئنے کو کتنے جوہر دینے والے نے دیئے
آئنے کا عکس بھی کتنا منور چاہیے

جب نبوت آگئی تکمیل حجت ہوگئی
اب مگر امت کو اک صدیقِ اکبر چاہیے

آبرو بڑھ جائے غارِ ثور کی مثلِ صدف
ایک گوہر چاہیے ایک آبِ گوہر چاہیے

حسن محوِ خواب ہے اور عشق سرشارِ جمال
اور کیا نعمت کسی کو اس کے بڑھ کر چاہیے

آنکھ محوِ دید ہوگی، دل میں ہوگا یہ خیال
ایسی فرصت چاہیے اور زندگی بھر چاہیے

وہ شبِ معراج سے لوٹیں، یہ صدقنا کہیں
ایسا دل ایسا یقین اللہ اکبر چاہیے

"گھر میں کیا چھوڑا ہے، سب کچھ تو یہیں لے آئے ہو"
"آپ کی چشم عنایت بندہ پرور چاہیے"

زندگی یا موت دونوں میں وہی اعزاز قرب
ایسی قسمت چاہیے، ایسا مقدر چاہیے

آپ کا اعلانِ منشورِ خلافت واہ واہ
ایسا ہی خطبہ سرِ محراب و منبر چاہیے

"اے امیرانِ ضعیف و اے غریبانِ قوی
عدل کی نظروں میں ہر انساں برابر چاہیے
کج روی مجھ میں اگر پاؤ، دکھاؤ راہِ راست"
ہاں یہی طرزِ عمل شاہوں کا رہبر چاہیے
فتنہ ہائے تازہ وارد کو مٹانے کے لئے
خاصۂ خاصانِ درگاہِ پیمبر چاہیے
ہر بتِ باطل کو ریزہ ریزہ کرنے کے لئے
تیری غیرت، تیرا بازوئے دلاور چاہیے
ان کے احساناتِ پیہم کا مسلسل شکریہ
تا قیامت ہر مسلماں کی زباں پر چاہیے
واہ عاصی! ایک دو کاغذ پہ کیا ہوگا رقم
ان کی تو ایک اک ادا لکھنے کو دفتر چاہیے

اقبال سہیل: بقیہ از صفحہ نمبر ۵

مشرقِ وسطیٰ میں ایک اخبار کے اعزازی نمائندہ تھے۔ نہایت مضبوط قلم کے حامل اور منجھے ہوئے صحافی تھے۔ ان کے تجزیئے، پُرمغز اور معلومات افزا ہوتے تھے۔ شورش کاشمیری مرحوم سے بہت ارادت تھی اور غالباً وہ صحافتی میدان میں شورش مرحوم سے بہت زیادہ متاثر تھے۔

مولانا قاری محمد عبید اللہ:

استاذ القراء حضرت مولانا قاری رحیم بخش قدس سرہ کے فرزند اور جامعہ خیر المدارس ملتان کے شعبہ تجوید و قرأت کے صدر مدرس تھے۔ اپنے عظیم والد کے صحیح جانشین تھے۔ جب سے ہوش سنبھالا قرآن کی تعلیم و تعلم میں ہی مصروف رہے۔ پینتیس برس کی عمر میں جواں مرگ ہوگئے۔ ان کی خدمتِ قرآنِ کریم ہی آخرت میں ان کے لئے ذریعۂ نجات ہے (ان شاءاللہ)

○۔ جامعہ خیر المدارس ملتان ہی کے ایک اور مدرس مولانا قاری عبد العزیز بھی انتقال فرماگئے۔
○۔ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے مخلص کارکن جناب محمد یوسف صاحب کی جواں سال بیٹی رحلت کر گئیں۔
○۔ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے کارکن جناب عبد الستار صاحب کی والدہ ماجدہ وفات پا گئیں۔
○۔ مجلس احرارِ اسلام صادق آباد کے نائب صدر چودھری محمد اشرف صاحب کے سسر انتقال کر گئے۔
○۔ مجلس احرارِ اسلام میانوالی قریشیاں (ضلع رحیم یار خاں) کے صدر مولانا عبد الستار کے برادرِ بزرگ جناب منظور احمد صاحب رحلت فرماگئے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے انکے حسنات قبول فرمائے اور سیئات سے درگزر فرمائے۔ ان کے پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے۔ (آمین) اراکین ادارہ، تمام لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ اپنی دعاؤں میں سب مرحومین کو شامل رکھیں۔ اور ان کے ایصال ثواب کے لئے خاص اہتمام فرمائیں۔

(مدیر)